SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

December 18, 2023

ایس ای سی پی نے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے مرحلہ وار ووٹنگ بارے وضاحتی سوالنامہ جاری کردیا

اسلام آباد (18 دسمبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے لسٹڈ کمپنیوں میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے مرحلہ وار ووٹنگ کے طریق کار بارے وضاحت فراہم کرنے کے لئے اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) جاری کیے ہیں۔

ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں کے بورڈز میں تنوع کو فروغ دینے اور بورڈز پر آزاد ڈائریکٹر اور خاتون ڈائریکٹر کی تقرری میں درپیش عملی مشکلات کو دور کرنے کے لئے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019 میں ترامیم کے ذریعے ڈائریکٹرز کے انتخاب کا مرحلہ وار طریق کار متعارف کرایا ہے۔

کوڈ میں ترامیم کے بعد، ایس ای سی پی نے اسٹیک ہولڈرز کو مزید رہنمائی فراہم کرنے اور نئے طریق کار کے نفاذ سے متعلق عمومی سوالات کے جوابات دینے کے لیے عمومی سوالنامہ جاری کیا ہے۔ عمومی سوالنامے میں اہم نکات کی وضاحت کی گئی ہے جیسے کہ ہر مرحلے کے ووٹوں کی تعداد کا حساب، بلامقابلہ انتخاب، کسی بھی شیئر ہولڈر کو آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے نامزدگی کے لئے اہلیت پر پورا اترنے کا معیار وغیرہ۔

یہ توقع کی جاتی ہے کہ اکثر پوچھے گئے سوالات ضوابط کے سیاق و سباق کو سمجھنے میں آسانی فراہم کریں گے، عملی خدشات کو دور کریں گے اور زمرہ ووٹنگ کے تصور کو لاگو کرنے میں سہولت فراہم کریں گے جو کارپوریٹ گورننس کے بہترین معیارات کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوں گے، درج کمپنیوں کے بورڈز میں تنوع کو یقینی بنائیں گے اور خواتین کی زیادہ شمولیت کی اجازت دیں گے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005